وَ لَحۡمِ طَیۡرٍ مِّمَّا یَشۡتَهُوۡنَ ﴿۲۱﴾	۲۱۔ اور پرندوں کا گوشت جس قسم کا ان کا جی چاہے۔
وَ حُوۡرٌ عِیۡنٌ ﴿۲۲﴾	۲۲۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں۔
کَاَمۡثَالِ اللُّؤۡلُوٴِ الۡمَکۡنُوۡنِ ﴿۲۳﴾	۲۳۔ جیسے حفاظت سے رکھے ہوئے آبدار موتی۔
جَزَآءًۢ بِمَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۴﴾	۲۴۔ یہ ان کے اعمال کا بدلہ ہے جو وہ کرتے تھے۔
لَا یَسۡمَعُوۡنَ فِیۡهَا لَغۡوًا وَّ لَا تَاۡثِیۡمًا ﴿۲۵﴾	۲۵۔ وہاں نہ وہ بیہودہ بات سنیں گے اور نہ گالی گلوچ۔
اِلَّا قِیۡلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾	۲۶۔ ہاں ان کا کلام سلام سلام ہو گا۔
وَ اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ﴿۲۷﴾	۲۷۔ اور داہنے ہاتھ والے کیا کہنے ہیں داہنے ہاتھ والوں کے۔
فِیۡ سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ﴿۲۸﴾	۲۸۔ وہ بے کانٹوں کی بیریوں۔
وَّ طَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ﴿۲۹﴾	۲۹۔ اور تہ بہ تہ کیلوں۔
وَّ ظِلٍّ مَّمۡدُوۡدٍ ﴿۳۰﴾	۳۰۔ اور لمبے لمبے سایوں۔
وَّ مَآءٍ مَّسۡکُوۡبٍ ﴿۳۱﴾	۳۱۔ اور بہتے پانی کے چشموں۔
وَّ فَاکِهَةٍ کَثِیۡرَةٍ ﴿۳۲﴾	۳۲۔ اور بہت سے میوں کے باغوں میں ہونگے۔
لَّا مَقۡطُوۡعَةٍ وَّ لَا مَمۡنُوۡعَةٍ ﴿۳۳﴾	۳۳۔ جو نہ کبھی ختم ہوں اور نہ ان پر کوئی روک ٹوک ہو گی۔
وَّ فُرُشٍ مَّرۡفُوۡعَةٍ ﴿۳۴﴾	۳۴۔ اور اونچے اونچے بستروں پر آرام کریں گے۔
اِنَّاۤ اَنۡشَاۡنٰهُنَّ اِنۡشَآءً ﴿۳۵﴾	۳۵۔ ہم نے ہی ان حوروں کو پیدا کیا۔